تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 14, 2024

پریس ریلیز

جامعہ 'مصنوعی ذہانت' اور 'مشین لرننگ' میں مختصر مدتی تربیتی پروگرام کرائے گی

شعبہ کمپوٹر انجینیرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ 'مصنوعی ذہانت' (اے آئی) مشین لرننگ (ایم ایل) کے موضوع پر تین ہفتوں کا ایک مختصر مدتی تربیتی پروگرام (ایس ٹی ٹی پی) ہائبرڈ موڈ میں کرائے گا۔ پچاس گھنٹوں کا یہ تربیتی پروگرام (ایس ٹی ٹی پی) یکم جولائی دو ہزار چوبیس سے شروع ہوکر انیس جولائی دو ہزار چوبیس کو اختتام پذیر ہوگا۔ ریاضی مضمون والے تمام ڈپلوما، یو جی، پی جی اور پی ایچ ڈی کے امیدوار یہ کورس کرنے کے اہل ہیں۔

اس کورس میں کل ایک سوتیس نشستیں ہیں جن میں اسی طلبا پہلے آؤ پہلے پاؤ (ایف ایس ایف ایس) کی بنیاد پر آف لائن کلاس کے لیے منتخب کیے جائیں گے اور پچاس طلبا کا آن لائن داخلہ ہوگا۔

بیس گھنٹے کی تھیوری کلاس اور تیس گھنٹے کی ایس ٹی پی ٹریننگ کلاس ہوگی۔ اس کورس کے پانچ ماڈیول ہیں یعنی، انٹروڈکشن آف اے آئی اینڈ پائتھون بیسکس، اپلائیڈ ڈاٹا سائنس وتھ پائیتھون، مشین لرننگ الگورتھم، ڈیپ لرننگ فار کمپوٹر وژن وتھ کیراس اینڈ ٹینسر فلو اور ڈیپ لرننگ فار این ایل پی وتھ کیراس اینڈ ٹینسر فلو۔

جامعہ اور آئی آئی ٹیز، این آئی آئی ٹیز، آئی آئی ٹیز اور صنعت جیسے دیگر اہم مرکزی سرکردہ اداروں اور بیرونی اداروں کے ماہرین بطور ماہر خصوصی تربیتی پروگرام میں شریک ہوں گے۔

مزید معلومات اور آن لائن رجسٹریشن کے لیے یونیورسٹی کی سائٹ پر درج ذیل لنک پر رجوع کیا جاسکتا ہے:

ww.jmi.ac.in/sttp-aiml2024

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی